سوال

(157)جرابوں پر مسح کرنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

براہ مہربانی جرابوں پر مسح کا طریقہ ارشاد فرمایا جائے، کیا یہ دونوں ہاتھوں سے کیا جائے یا صرف دائین ہاتھ سے، یا بائیں ہاتھ سے دائیں پاؤں پر اور بائیں ہاتھ سے بائیں پاؤں پر۔۔؟
جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت یہی ہے کہ دائیں پاؤں پر دائیں ہاتھ سے اور بائیں پاؤں پر بائیں ہاتھ سے مسح کیا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رمان ہے:

إِذَا تَوَضَّأْتُمْ، فَابْدَءُوا بِمَيَامِنِكُمْ (سنن ابی داود، کتاب اللباس، باب فی الانتعال، حدیث: 1414 وسنن ابن ماجہ، کتاب الطھارۃ، باب التیمن فی الوضوء، حدیث: 402 ومسند احمد بن حنبل: 354/2، مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ)

’’جب تم وضو کرو تو اپنی دائیں اطراف سے شروع کرو۔‘‘

یہ روایت اہل سنن نے بسند صحیح روایت کی ہے۔ اور اللہ توفیق دینے والا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 186

محدث فتویٰ